
Urdu/English

# جگر کی بیماری
# Liver Disease

# ہیپاٹائیٹس-سی
# Hepatitis C











## ہم سے رابطہ کریں

ویب سائیٹ : www.ecq.com.au/bbv
فون : 07 3844 9166
فیکس : 07 3846 4453
ای میل : health@eccq.com.au



ان معلومات کو ECCQ نے
کوئیز لینڈ ہیلتھ کے تعاون سے بہم پہنچایا ہے 2021 میں ترجمہ کیا گیا



## Contact Us

Website: **www.eccq.com.au/bbv**
Phone: **07 3844 9166**
Fax: **07 3846 4453**
Email: **health@eccq.com.au**


ECCQ


This resource was produced by ECCQ with funding from QLD Health.


Copyright 2021.


## Important things to remember:

- The medication must be taken every day and you cannot share your medication with other people.
- **You will need a blood test 3 months after your treatment has finished. This will tell you if you have been cured.**
- If you have liver cirrhosis your GP will discuss with you any lifestyle changes you may need to do, and refer you to a liver specialist for follow up.
- You can be re-infected with Hepatitis C. **There is no Hepatitis C vaccine** therefore you need to avoid blood contact, for example:
  - Do not have contact with anyone else's blood. You should not share razors, toothbrushes or needles.
  - Cover your cuts or wounds using band aids, and wear gloves to clean blood.
  - If having medical or dental procedures overseas, check that there is good infection control to prevent you from being infected by blood from another person.

## یاد رکھنے کے لیے اہم باتیں:

- ادویات کو لازماً روزانہ لینا ہے اور آپ اب ادویات کو دیگر لوگوں کے ساتھ شیئر نہیں کرسکتے ہیں۔
- آپ کو اپنا علاج ختم کروانے کے 3 ماہ بعد خون کا ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی۔ اس ٹیسٹ سے آپ کو پتہ چلے گا کہ کیا آپ کو چھٹکارا مل گیا ہے۔
- اگر آپ کو جگر کا سیروسس ہو گا تو آپ کا جی پی آپ کے ساتھ اپنے طرززندگی میں چند ضروری تبدیلیوں کے بارے میں بات کرے گا، اور آپ کو مزید علاج کے لیے کسی جگر کے ماہر کے پاس بھیجے گا۔
- آپ کو دوبارہ ہیپاٹائیٹس سی لگ سکتا ہے۔ ہیپاٹائیٹس سی کی کوئی ویکسین نہیں ہے اس لیے آپ کو خون کے ملاپ سے پرہیز کرنا ہوگا، مثلاً: - کسی دوسرے شخص کے خون کو مت چھوئیں۔ آپ کو چاہئے کہ آپ ریزرز، ٹوتھ برش یا سوئیاں شیئر نہ کریں۔ اپنے جسم پر لگنے والے کٹ اور زخموں کو پٹیوں کے مدد سے ڈھانپیں، اور کوئی خون صاف کرتے ہوئے دستانے پہنیں۔ - اگر آپ بیرون ملک سے کوئی طبی پروسیجر، دانتوں یا خوبصورتی کا پروسیجر، ٹیٹو یا آکوپنکچر کروائیں تو یہ چیک کرلیں کہ وہاں اچھا انفیکشن کنٹرول ہے تاکہ کسی اور شخص کے خون سے لگنے والے متعدی مرض سے آپ خود کو بچا سکیں۔

## What can you do?

- See your GP and ask for a **Hepatitis C blood test** to find out if you have it.
- If you have Hepatitis C, your GP or a liver specialist can arrange for treatment, which can **cure** over 95% of people.
- You will need to have further tests, including hepatitis B, before you can be treated.
- Treatment is easy, for most people taking only 2 or 3 months.
- The medication has very few side effects.

## How much does treatment for Hepatitis C cost?

- Treatment for Hepatitis C is funded by the government in Australia.
- **If you have a Medicare Card it will cost less than $125 for the treatment and if you have a concession card (such as a Seniors Card or Health Care Card), it will cost less than $20 for the treatment.**
- If you don't have a Medicare card you cannot get government funded Hepatitis C treatment, you may be able to purchase treatment online through sites such as *www.fixhepc.com.*

## کیا آپ کا اور آپ کے گھرانے کا ہیپاٹائیٹس سی کے لیے ٹیسٹ ہوا ہے؟

ہیپاٹائیٹس سی جگر کی بیماری ہے جو ہیپاٹائیٹس سی وائرس کی وجہ سے ہوتی ہے۔ وہ لوگ جنہیں ہیپاٹائیٹس سی ہوتا ہے اکثر نہ تو وہ خود کو بیمار محسوس کرتے اور نہ ہی وہ بیمار دکھائی دیتے ہیں۔ آپ کو ہیپاٹائیٹس سی صرف خون کے خون سے ملاپ سے ہی ہو سکتا ہے، جس میں غیر جراثیم کش شدہ طبی آلات کا استعمال بھی شامل ہے، لیکن یہ سماجی رابطوں سے نہیں ہو سکتا ہے مثلاً خوراک شیئر کرنے سے، ہاتھ ملانے، چومنے، بغل گیر ہونے، چھینکنے، کپ شیئر کرنے، وغیرہ سے۔

**غیرعلاج شدہ ہیپاٹائیٹس سی سے جگر کا سیروسس، جگر کا سرطان اور موت ہوسکتی ہے**

## Have you and your family been tested for Hepatitis C?

Did you know? Hepatitis C is a liver disease caused by the Hepatitis C virus. People with Hepatitis C often don't look or feel sick. You can only get Hepatitis C from blood to blood contact, including unsterile medical equipment, but **NOT** from social contact such as sharing food, shaking hands, kissing, cuddling, sneezing, sharing cups, etc.

**Untreated Hepatitis C can cause liver cirrhosis, liver cancer and death.**

## آپ کیا کر سکتے ہیں؟

- اپنے جی پی سے ملیں اور اس سے ہیپاٹائیٹس سی کے لیے خون کے ٹیسٹ کا کہیں۔ یہ ہی آپ میں ہیپاٹائیٹس سی کو دریافت کرنے کا واحد طریقہ ہے۔
- اگر آپ کو ہیپاٹائیٹس سی ہو تو ایک جی پی، ایک مخصوص امراض کا ماہر یا ایک نرس پریکٹیشنر آپ کے علاج کا انتظام کرا سکتے ہیں۔
- اس سے قبل کہ آپ کا علاج کیا جا سکے آپ کو مزید ٹیسٹ کروانے کی ضرورت ہوگی، بشمول ہیپاٹائیٹس بی کے ٹیسٹ۔
- علاج آسان ہے، جس میں زیادہ تر لوگوں کو صرف 2 سے 3 ماہ لگتے ہیں۔
- اس علاج کے ضمنی اثرات بہت کم ہوتے ہیں، اور 95٪ سے زائد لوگوں کو علاج مکمل ہونے کے بعد اس بیماری سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔

## ہیپاٹائیٹس سی کے علاج کا کتنا خرچہ ہوتا ہے؟

- ہیپاٹائیٹس سی کے علاج کے لیے فنڈ آسٹریلیا کی حکومت مہیا کرتی ہے۔
- اگر آپ کے پاس میڈی کیئر کارڈ ہے تو علاج کا خرچہ 125$ سے کم ہوتا ہے اور اگر آپ کے پاس رعایتی کارڈ ہو (جیسا کہ ایک سینئرز کارڈ یا ہیلتھ کارڈ)، تو اس کے علاج پر 20$ سے کم لاگت آئے گی۔
- اگر آپ کے پاس میڈی کیئر کارڈ نہیں ہے تو آپ سرکاری مالی مدد سے دستیاب ہیپاٹائیٹس سی کا علاج نہیں کروا سکتے ہیں، تاہم آپ اس علاج کو آن لائن سائیٹس کے ذریعے خرید کرسکتے ہیں، جیسا کہ یہاں سے www.fixhepc.com.au